## پاکستانی طالب علموں سے بہت زیادہ متاثر ہیں ہماری کوشش ہے کہ ہم خودکو پاکستانی طالبعلموں کی طرح بنائیں، جاپانی طلبہ وطالبات

## رضاہارون کا جاپان کی داتو بنکا یونیورسٹی سایتامہ کا دورہ، پروفیسر، طلبہ وطالبات سے ملاقات

ٹوکیو۔۔۔یکم نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وانفارمیشن ٹیکنالوجی کے حق پرست صوبائی وزیر رضاہارون نے جاپان کے حالیہ کے دورے کے موقع پر جاپان کی معروف یونیورسٹی دائتو بنکا( Daito Bunka University saitama ) کا تفصیلی دورہ کیا اور یونیورسٹی کے ڈین (ستارہ امتیاز) پروفیسر کا تاوکا Kataoka Prof- سے ملاقات کی اس موقع پر یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے پروفیسرز بھی موجود تھے۔ پروفیسرز نے رضاہارون کو بتایا کہ دائتو بنکا یونیورسٹی میں طلبہ وطالبات کو دیگر جدید علوم کے ساتھ اردو کی تعلیم بھی دی جاتی ہے اس موقع پر یونیورسٹی کے طلب علموں نے علامہ اقبالؒ کی نظم بھی پڑھ کر سنائی۔ جاپانی طلبہ وطالبات نے رضاہارون سے پاکستان اور جاپان کے طالب علموں کے درمیان دوستی کے تعلقات پر گفتگو کی ان کا کہنا تھا کہ وہ پاکستانی طالب علموں سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور انہیں وہ اچھے لگتے ہیں اور ہماری بھی کوشش ہے کہ ہم خودکو پاکستانی طالبعلموں کی طرح بنائیں۔ رضاہارون نے جاپانی طالب علموں سے ہونیوالی ملاقات کوخوش آئند قرار دیا اوران سے مختلف سوالات کئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں اس یونیورسٹی کا دورہ کررہاہوں جومیرے لئے یادگار لمحات ثابت ہونگے۔ اس موقع پر یونیورسٹی ڈین پروفیسر کا تاوکا (Prof-kataoka) نے رضاہارون کا شکریہ ادا کیا اور فیض کی نظم بھی پڑھ کر سنائی۔

## ایم کیوایم کی عظیم الشان ریلی نے جمہوریت دشمن قوتوں کی نیندیں حرام کردیں، ایم کیوایم امریکہ

واشنگٹن ڈی سی:۔۔۔یکم نومبر، 2011ء

ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی اورارا کین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے ایم کیوایم کے زیر اہتمام منعقدہ استحکام جمہوریت ریلی کی فقیدالمثال کامیابی پر ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردگان سمیت پاکستان بھر کے حق پرست عوام کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کی ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تحریک میں جمہوریت کے استحکام کے لئے لاکھوں عوام کی ریلی ایم کیوایم کا نہ صرف منفرد کارنامہ ہے بلکہ ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لئے سنجیدہ کوششوں اور جدوجہد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر جمہوریت کے خلاف کی جانیوالی سازشوں کو بے نقاب کرکے ایک بار پھر ثابت کردیا ہے کہ وہ ایک سچے، مخلص اور دوراندیش قومی رہنما ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے اجتماع میں لاکھوں عوام کی شرکت نے ثابت کردیا ہے کہ یہ ریلی نہیں بلکہ عوام کا ریلا تھا کہ جو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے جمہوریت کی حفاظت کے لئے پرعزم ہے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریگا۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ آج کی اس تاریخی ریلی کو دیکھ کر شریف برادران نوشتہ دیوار پڑھ لیں اور پاکستان مسلم لیگ کی قیادت اپنے سازشی ہتھکنڈوں سے باز آجائے اور غیر جمہوری قوتوں کے آلہ کار نہ بنے ورنہ پاکستان کے عوام ان کا کڑا احتساب کریں گے۔

## سینئر صحافی خوشنود علی خان کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی، سی پی این ای کے صدر، ایڈیٹرانچیف جناح وصحافت خوشنود علی خان کے والد ملک غلام قادر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## مظلوم ومحکوم عوام کی جماعت ہے ہماری سیاست کا محور ملک میں رائج ظالمانہ اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرنا ہے، نیاز احمد لاشاری

## چمن میں ایم کیوایم کے ضلعی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ:۔۔۔یکم نومبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ مظلوم ومحکوم عوام کی جماعت ہے ہماری سیاست کا محور ملک میں رائج ظالمانہ اور جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرنا ہے اور ملک میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنی ہے۔ان خیالات کا اظہار کوئٹہ زون کے انچارج نیاز احمد لاشاری وارا کین زونل کمیٹی نے چمن میں ایم کیوایم کے ضلعی دفتر کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کی نمائندہ جماعت ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نہ کل بلوچوں، پشتونوں اور ملک کی دیگر قومتوں کیخلاف تھی نہ آج ہے، بعض سازشی عناصر محض اپنی سیاست کو زندہ رکھنے کیلیئے ایم کیوایم کیخلاف بے بنیاد پروپیگنڈہ کرکے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن حق پرستی کی جدوجہد جاری رہے گی۔انہوں نے کہا کہ آج پشتونوں کو دنیا بھر میں مذہبی انتہاء پسند اور دہشتگردوں کے روپ میں پیش کیا جارہا ہے لیکن حقیقت اسکے برعکس ہے ملک کی تعمیر وترقی میں پشتونوں محنت کشوں کو بھرپور کردار ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا پیغام ملک کے کونے کونے میں پھیل رہا ہے اور چمن میں دفتر کا افتتاح اسکی واضح مثال ہے۔

☆☆☆☆☆